© rasailojaraid.com



کے ساتھ حضرت کی مسجد میں مولانا سمیع الحق کی اقتداء میں پڑھی اور حضرت کی عیادت کی۔ ان کے علاوہ سرحد کے وزیر اوقاف مولانا عبدالباقی صاحب۔ مولانا قاضی زاہد الحسینی صاحب اٹک۔ مولانا محمد اشرف صاحب پشاور یونیورسٹی۔ جناب محترم محمد اجمل خاں لغاری اجمل باغ۔ جناب قاضی عزیز الرحمٰن صاحب ریاست سوات وغیرہ بھی رونق دارالعلوم بنے۔

**متفرقات** | ۱۷ر ذیقعدہ کو حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے علامہ قاضی زاہد الحسینی کی دعوت پر ان کے مدرسہ جامعہ مدنیہ اٹک کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی اور درس بخاری سے افتتاح فرمایا۔

★ ۲۶ر شوال کو جامعۃ العلوم الاسلامیہ ویسٹریج راولپنڈی کی افتتاحی تقریب میں مدرسہ کے مہتمم مولانا محمد اسحاق صاحب کی دعوت پر مولانا سمیع الحق صاحب نے شمولیت فرمائی۔ اور علم دین کی اہمیت پر خطاب کیا۔

★ ۴ر ستمبر مطابق ۴ر ذیقعدہ دارالعلوم کے ایک نوجوان استاذ مولانا محمد ابراہیم صاحب فرزند مولانا عبدالحلیم صاحب مدظلہ زروبی کی شادی کی تقریب ہوئی۔ جس میں دارالعلوم سے کئی اساتذہ و طلبہ نے شرکت کی۔ رائے ونڈ میں تبلیغی جماعت کے عظیم سالانہ تبلیغی اجتماع منعقدہ ۸ تا ۱۰ ستمبر میں اس دفعہ دارالعلوم کے کئی اساتذہ اور جناب مدیر الحق کے علاوہ طلبہ نے بھی بھاری تعداد میں شمولیت کی۔


افغانستان پر روسی جارحیت اور مؤتمر المصنفین کی اہم پیشکش

## رُوسی الحاد

پس منظر و پیش منظر

تالیف و اشاعت ——— مؤتمر المصنفین

سوشلزم اور کمیونزم حریت اقوام، آزادی افکار کا غاصب اور دیگر مذاہب کا عظیم دشمن اور انسانی و اخلاقی قدروں کا کن کن طریقوں سے باغی ہے؟ ان سب باتوں کا جواب اور کمیونزم کی فکری نشوونما، جنگ اقتدار مظالم اور چیرہ دستیوں، مستقبل کے ناپاک عزائم کا تحقیقی اور تفصیلی جائزہ۔

اہم ابواب کی ایک جھلک جبکہ ہر باب کئی ذیلی عنوانات پر مشتمل ہے

۱۔ محرکات و عوامل
۲۔ سوشلزم کا فکری سفر
۳۔ عملی سرگرمیاں اور جنگ اقتدار
۴۔ سوشلزم کی چیرہ دستیاں
۵۔ مذہب و اخلاق دشمنی
۶۔ سامراجی تسلط۔ روس اور افغانستان، پاکستان اور سوشلزم

افغانستان پر ظالمانہ یلغار کے بعد روس پاکستان کے دروازوں پر دستک دے رہا ہے۔ آئیے عملی جہاد کے ساتھ ساتھ علمی و فکری جہاد کیلئے بھی کمربستہ ہو جائیں — ایک بھیانک اور مکروہ چہرہ جسکو بے نقاب کرنا ہر مسلمان کا دینی فریضہ ہے۔

بلاشبہ اس موضوع پر ایک مستند اور تحقیقی کتاب

جس کیلئے صدہا مآخذ کو کھنگالا گیا ہے

قیمت ۱۲ روپے صفحات دو سو کاغذ و طباعت عمدہ۔ تبلیغ کے سلسلے سو نسخوں پر ۳۳ فیصد رعایت

آج ہی طلب فرمائیں

مؤتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع پشاور پاکستان

قومی اسمبلی میں

## اسلام کا معرکہ

### شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ کی سرگرمیاں

صورت شمشیر ہے دستِ قضا میں وہ قوم کرتی ہے جو ہر زماں اپنے عمل کا حساب (اقبال)

قومی اسمبلی میں جمہوری قومی و ملی مسائل پر قراردادیں مباحثات۔ پارلیمنٹ میں موجود سیاسی پارٹیوں کا موقف، حزب اختلاف اور حزب اقتدار کا اسلامی و ملی مسائل کے بارہ میں رویہ، شیخ الحدیث کی تقاریر، اور ان کی قراردادوں پر ارکان اسمبلی کا ردعمل — آئین کو اسلامی اور جمہوری بنانے کی جدوجہد پر کیا گزری، تحاریک التواء، سوالات اور جوابات، مسودہ دستور میں ترمیمات اور تشریحی تقریریں۔

★ سیاستدانوں کے منشور اور انتخابی وعدے کردار کی کسوٹی پر۔
★ ایک اہم سیاسی دستاویز۔
★ ایک آئینہ اور ایک اعمالنامہ
★ ایک ایسی رپورٹ جو اسمبلی کے شائع کردہ سرکاری رپورٹ کے حوالوں سے بھی مستند ہے۔
★ پاکستان کے مرحلہ آئین سازی کی ایک تاریخی داستان اور ایک ایسی کتاب جس سے وکلاء، سیاستدان بھی اور اسلامی سیاست میں منہمک افراد و جماعتیں بھی بے نیاز نہیں ہو سکتیں۔
★ ایک ایسی کتاب جو جہاد حق اور غلبۂ اسلام کے علمبردار علماء کیلئے حجت و برہان بھی ہے۔ اور مستقبل میں اسلامی جدوجہد میں رہنما بھی — کتب شائع ہو چکی ہے اور ترسیل جاری ہے۔

عمدہ کتابت و طباعت حسین سرورق۔ قیمت پندرہ روپے۔ صفحات ۴۰۰

مؤتمر المصنفین اکوڑہ خٹک (پشاور)


© rasailojaraid.com